الْمُكَرَّمِ ط اَلَّتِىْ يُفْرَقُ فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ وَّيُبْرَمُ ط اَنْ

تَكْشِفَ عَنَّا مِنَ الْبَلَاءِ وَالْبَلْوَاءِ مَا نَعْلَمُ وَمَا لَا نَعْلَمُ ط

وَاَنْتَ بِهٖ اَعْلَمُ ط اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ ط وَصَلَّى اللّٰهُ

تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ط

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

جس کو عربی میں دعائے نصف پڑھنی نہیں اتی ہو تو وہ عربی کی جگہ یہ دعائے نصف کا اردو ترجمہ پڑھ لیں 👇👇👇

اے اللہ عزوجل! اے احسان کرنے والے کہ جس پر اِحسان نہیں کیا جاتا ! اے بڑی شان و شوکت والے! اے فضل واِنعام والے ! تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پریشان حالوں کا مدد گار، پناہ مانگنے والوں کوپناہ اورخوفزدوں کو امان دینے والا ہے ۔اے اللہ عزوجل! اگرتو اپنے یہاں اُمُّ الکتاب (یعنی لوح محفوظ) میں مجھے شقی (یعنی بد بخت) ، محروم ، دھتکارا ہوا اور رِزق میں تنگی دیاہوا لکھ چکا ہوتو اے اللہ عزوجل! اپنے فضل سے میری بدبختی ، محرومی ، ذلت اور رِزق کی تنگی کو مٹادے اور اپنے پاس اُمُّ الِکتاب میں مجھے خوش بخت ،(کشادہ) رزق دیاہوا اور بھلائیوں کی توفیق دیاہوا ثبت (تحریر) فرمادے ، کہ تو نے ہی تیری نازِل کی ہوئی کتاب میں تیرے ہی بھیجے ہوئے نبی ﷺ کی زَبانِ فیض ترجمان پر فرمایا اور تیرا، یہ فرمانا حق ہے: ترجَمۂ کنزالایمان:اللہ جو چاہے مٹاتا ہے اور ثابت کرتا ہے اور اصل لکھا ہوا اُسی کے پاس ہے-(پ۱۳،الرعد۳۹)خدایاعزوجل! تجلی اعظم کے وسیلے سے جو نصف شعبان المکرم کی رات(یعنی شب برات)میں ہے کہ جس میں بانٹ دیا جاتا ہے ہر حکمت والا کام اور اٹل کر دیا جاتا ہے ۔(یااللہ!)آفتوں کو ہم سے دور فرماکہ جنہیں ہم جانتے اور نہیں بھی جانتے جبکہ تو انہیں سب سے زیادہ جاننے والا ہے ۔بے شک تو سب سے بڑھ کر عزیز اور عزت والا ہے ۔اللہ تعالیٰ ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کے آل و اصحاب رضی اللہ تعالی عنھم پر درودو سلام بھیجے ۔ سب خوبیاں سب جہانوں کے پالنے والے اللہ عزوجل کے لئے ہیں۔

شعبان کی 14 تاریخ کو نماز مغرب کے بعد دو رکعت نفل اس طرح پڑھے جائیں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 1 ، 1 مرتبہ سورہ حشر کی آخری تین آیات :

سورۃ الحشر کی یہ تین ایاتیں ہیں هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ
اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ
یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾

3 مرتبہ سورۃ اِخلاص ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ﴾ مکمل پڑھیں۔

شعبان کی پندرہویں شب دو رکعت اس طرح پڑھی جائے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 1 بار آیۃ الکرسی اور 15 مرتبہ سورۃ اِخلاص پڑھی جائے۔ سلام کے بعد 100 مرتبہ درود شریف پڑھ کر ترقی رزق کے لیے دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ کشادگی رزق عطا فرمائے گا۔

شعبان کی پندرہ تاریخ بعد نمازِ ظہر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے۔

پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد **سورۃ الزلزال (سورۃ/۹۹، پارہ/۳۰)** 1 بار اور سورۃ اِخلاص 10 بار۔

دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد **سورۃ التکاثر (سورۃ/۱۰۲، پارہ/۳۰)** 1 بار اور سورۃ اِخلاص 10 بار۔

تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الکافرون 3 بار اور سورۃ اخلاص 10 بار

چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیتہ الکرسی 3 بار اور سورۃ اخلاص 25 بار پڑھے۔ اس نماز کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ خاص نظر کرم فرماتا ہے اور دین و دنیا کی بھلائی عطا فرماتا ہے۔

نماز اوابین اس رات غروب آفتاب کے وقت سے ہی آسمان دنیا پر نزول الہی

شب برات والی شام مغرب کی نماز کے بعد چھ رکعتیں یہ پڑھ کر کی فضیلت حاصل کریں بہتر یہی ہے کہ ہر روز کی عادت بنا لیں

یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کی نماز ہے۔ جو کم از کم دو طویل رکعات یا چھ مختصر رکعات سے لے کر زیادہ سے زیادہ میں رکعات پر مشتمل ہے۔ یہ اجر میں بارہ سال کی عبادت کے برابر بیان کی گئی ہے۔ اس کی فضیلت اور انوار و برکات بھی نماز تہجد جیسی ہیں ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہُ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رسالت شہنشاہِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا : جو مغرب کے بعد چھ رکعتیں اس طرح ادا کرے کہ ان کے درمیان کوئی بری بات نہ کہے تو یہ چھ رکعتیں اس کے لئے بارہ سال کی عبادت کے برابر ہوں گی ۔ 📕 (ابن ماجہ ، 2 / 45 ، حدیث : 1167)

سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے : جس نے مغرب کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کی اس کے لئے مقبول حج اور عمرہ کا ثواب لکھا جائے گا اور وہ ایسا ہے گویا اس نے شبِ قدر میں قیام کیا۔ 📘 (جمع الجوامع ، 7 / 195 ، حدیث : 22311)

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : جو مغرب کے بعد چھ رکعات پڑھے اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ 📗 (معجم اوسط ، 5 / 255 ، حدیث : 7245)

موت کی سختی آسان اور عذابِ قبر سے حفاظت

چار رکعت نوافل اس طرح پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ تکاثر ایک مرتبہ اور اخلاص تین دفعہ پڑھ کر سلام کے بعد سورۃ ملک اکیس مرتبہ اور سورۃ توبہ کی آخری دو آیتیں اکیس دفعہ پڑھنے سے ان شاء اللہ والرسول صلی اللہ علیہ وسلم موت کی سختیوں اور قبر کے عذاب سے محفوظ رہیں گے

گناہوں کی معافی:

آٹھ رکعت نفل دو دو کرکے پڑھیے، ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 25 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر خلوص دل سے توبہ کریں اور درج ذیل دعا کھڑے ہوکر بیٹھ کر اور سجدے میں 44 مرتبہ پڑھیں ۔ **اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا کَرِیْمُ .** اللہ پاک اس کے گناہ معاف فرما دے گا

گیارھویں صدی کے مجدد شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : تابعین میں سے جلیل القدر حضرات مثلا حضرت خالد بن معدان ، حضرت مکحول ، حضرت لقمان بن عامر اور حضرت اسحق بن راہویہ رضی للہ عنہم مسجد میں جمع ہوکر شعبان کی پندرہویں شب میں شب بیداری کرتے تھے اور رات بھر مسجد میں عبادات میں مصروف رہتے تھے ۔ * 📘 (ماثبت من السنۃ، ص 202)*

حضرت علامہ عَلِی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : بہتر یہ ہے کہ شبِ براءَت میں صلوۃ التسبیح بھی ادا کی جائے

📕 (مجموع رسائل العلامہ الملا علی القاری ، الرسالۃ : التبیان...الخ ، جلد : 3 ، صفحہ : 51)

صلوٰۃ التسبیح پڑھنے کا طریقہ

چار رکعت نماز نوافل کی نیت کرنی ہے پھر پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ

اور ثنا سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمۡدِكَ، وَتَبَارَكَ اسۡمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ، وَلَا اِلٰهَ غَيۡرُكَ۔

پھر 15 بار یہ تسبیح پڑھیں سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ۔

پھر پڑھے أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطَانِ الرَّجِيمِ: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ

پھر سورت اَلۡحَمۡدُ لِلّٰه پڑھیں پھر اس کے بعد کوئی اور سورت ملائیں

پھر 10 بار یہ تسبیح پڑھے سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ۔

پھر رکوع کر کے 3 بار پڑھے سُبۡحَانَ رَبِّيَ الۡعَظِيمِ پھر 10 بار یہ تسبیح سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ

پھر (سمع اللہ لمن حمدہ) کہتے ہوئے رکوع سے سر اٹھائے پھر ایک پڑھے اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الۡحَمۡدُ

پھر 10 بار یہ تسبیح پڑھے سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ۔

پھر سجدہ کریں اور 3 بار پڑھے سُبۡحَانَ رَبِّيَ الۡاَعۡلٰى پھر 10 بار یہ تسبیح سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ

سجدے سے سر اٹھائیں پھر 10 بار یہ تسبیح پڑھے سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ

پھر سجدہ کریں اور 3 بار پڑھے سُبۡحَانَ رَبِّيَ الۡاَعۡلٰى پھر 10 بار یہ تسبیح سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ

اسی طرح چار رکعت مکمل پڑھیں ہر رکعت میں 75 مرتبہ تسبیح پڑھی جائے گی اور چار رکعتوں میں تسبیح کی گنتی 300 مرتبہ ہو گی اپنے خیال سے اور میں کی گنتار ہے یا انگلیوں کے اشاروں سے تسبیح کا شمار کرتا رہے۔ نوٹ: دوسری اور چوتھی رکعت میں ثناء نہیں پڑھنی ۔اور قراءت سے پہلے 15 باریہ تسبیح پڑھنی ہے۔اور دوسری رکعت پر قعدہ کرکے مکمل التحیات، درود پاک اور دعا پڑھ کر تیسری کے لیے کھڑے ہونا ہے اور تیسری رکعت میں پہلی رکعت کی طرح ثناء پڑھنے کے بعد 15 باریہ تسبیح پڑھ کر قراءت کرنی ہے:

صلوۃ التسبیح بہت فضیلت والی نماز ہے۔ سرکارِ عالی وقار، مکی مدنی تاجدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا جان حضرت عبّاس رضی اللہ عنہ کو صلوۃ التسبیح سکھائی اور فرمایا: چچا جان! اگر آپ روزانہ یہ نماز ادا کر سکیں تو ضرور کریں، اگر ہر روز نہ ہو سکے تو ہر جمعہ کو، ایسا بھی نہ کر پائیں تو ہر مہینے، یہ بھی نہ ہو سکے تو سال میں ایک مرتبہ اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو زِندگی میں ایک مرتبہ ضرور صلوۃ التسبیح ادا کریں۔ (ابوداوٗد، کتابُ التطوع، باب صلوۃ التسبیح، جلد: 2، صفحہ: 44، حدیث: 1297)

بزرگانِ دین کے معمولات بزرگان دین رحمھم اللہ المبین بھی یہ رات عبادتِ الٰہی میں بسر کیا کرتے تھے حضرت سیّدُنا خالد بن معدان، حضرت سیّدُنا لقمان بن عامر اور دیگر بزرگانِ دین رحمھم اللہ المبین شعبان المُعظّم کی پندرھویں (15ویں) رات اچّھا لباس پہنتے، خوشبو، سُرمہ لگاتے اور رات مسجد میں (جمع ہو کر) عبادت کیا کرتے تھے۔ (ماذا فی شعبان، ص75)

امیرالمؤمنین حضرتِ سیدنا عمر بن عبدالعزیز علیہ رحمۃ اللہ العزیز بھی شبِ براءت میں عبادت میں مصروف رہا کرتے تھے۔ (تفسیر روح البیان، پ25، الدخان، تحت الآیۃ:3، ج8،402)

اہل مکہ کے معمولات تیسری صدی ہجری کے بزرگ ابو عبداللہ محمد بن اسحاق فاکہی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں: جب شبِ براءت آتی تو اہلِ مکہ کا آج تک یہ طریقۂ کار چلا آرہا ہے کہ مسجد حرام شریف میں آجاتے اور نَماز ادا کرتے ہیں، طواف کرتے اور ساری رات عبادت اور تلاوتِ قراٰن میں مشغول رہتے ہیں، ان میں بعض لوگ 100 رکعت (نفل نماز) اس طرح ادا کرتے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھتے۔ زم زم شریف پیتے، اس سے غسل کرتے اور اسے اپنے مریضوں کے لئے محفوظ کر لیتے اور اس رات میں ان اعمال کے ذریعے خوب برکتیں سمیٹتے ہیں۔ (اخبار مکہ، جز: 3، ج2،84 ملخصاً)

تہجد کی نماز کی فضیلت



ویسے تو ہر روز عادت ہونی چاہیے تہجد پڑھنے کی البتہ شب برات کی رات تہجد بھی پڑھنی چاہیے

حدیث پاک

أَبِي هُرَيْرَةَ رضى الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ " يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى سَمَاءِ الدُّنْيَا حِينَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ فَيَقُولُ مَنْ يَدْعُونِي فَأَسْتَجِيبَ لَهُ مَنْ يَسْأَلُنِي فَأُعْطِيَهُ مَنْ يَسْتَغْفِرُنِي فَأَغْفِرَ لَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہمارا رب تبارک و تعالی ہر رات کو جب رات کا تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے تو آسمانِ دنیا پر نزول فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے: ہے کوئی جو مجھ سے دعا کرے تاکہ میں اس کی دعا قبول کروں، ہے کوئی جو مجھ سے سوال کرے تاکہ میں اسے عطا کروں ، ہے کوئی جو مجھ سے معافی چاہے کہ میں اسے بخش دوں ۔ (وفی کتاب الدعوات ، باب الدعاء نصف اللیل، ۵/ ۲۳۳۰، الرقم : ۵۹۶۲)

(اخرجہ البخاری فی الصحیح، ابواب التہجد، باب الدُّعاءِ وَالصَّلَاةِ من آخرِ اللَّيلِ، ۱/۳۸۴ ، الرقم : ۱۰۹۴) (وفی کتاب التوحید، باب قول اللہ تعالی: یریدون ان یُبَدِّلُوا کَلَامَ اللّٰہِ [الفتح: ۱۵] ۶/۲۷۲۳، الرقم: ۷۰۵۶) (ومسلم فی الصحیح، کتاب صلاۃ المسافرین، باب الترغیب فی الدعاء والذکر فی آخر اللیل والاجابۃ فیہ، ۱/۵۲۱ ، الرقم: ۷۰۵)

حدیث پاک

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ وَأَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنهما قَالَا : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ : مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ وَأَيْقَظَ امْرَأَتَهُ فَصَلَّيَا رَكْعَتَيْنِ جَمِيعًا كُتِبَا مِنَ الذَّاكِرِينَ اللّٰهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ۔ وَقَالَ الْحَاكِمُ : هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہمارا رب تبارک و تعالی ہر رات کو جب رات کا تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے تو آسمانِ دنیا پر نزول فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے: ہے کوئی جو مجھ سے دعا کرے تاکہ میں اس کی دعا قبول کروں، ہے کوئی جو مجھ سے سوال کرے تاکہ میں اسے عطا کروں ، ہے کوئی جو مجھ سے معافی چاہے کہ میں اسے بخش دوں ۔ (وعبد الرزاق فی المصنف، ۳/۴۸ ، الرقم : ۴۷۳۸)

(اخرجہ ابو داود فی السنن، کتاب التطوع، باب الحث علی قیام اللیل، ۲/ ۷۰ ، الرقم: ۱۴۵۱) (وابن ماجہ فی السنن، کتاب إقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیہا، باب ما جاء فیمن ایقظ اہلہ من اللیل، ۱/۴۲۳، الرقم: ۱۳۳۵) (والنسائی فی السنن الکبری، ۱/۴۱۳، الرقم: ۱۳۱۰، ۱۱۴۰۶ ، والحاکم فی المستدرک ۱/۴۶۱ ، الرقم: ۱۸۹)

قَالَ أَبُو الْعَالِيَةِ رَحِمَهُ اللّٰهِ: مِنْ أَعْظَمِ الذُّنُوبِ أَنْ يَتَعَلَّمَ الرَّجُلُ الْقُرْآنَ، ثُمَّ يَنَامُ عَنْهُ وَلَا يَتَهَجَّدُ بِهِ۔

حضرت ابو عالیہ رحمہ اللہ نے فرمایا: بہت بڑے گناہوں میں سے یہ ہے کہ ایک شخص قرآن مجید کا علم حاصل کرے اور پھر سویا رہے اور اس کے ساتھ تہجد نہ پڑھے۔ (اخرجہ الشعرانی فی الطبقات الکبری: ۵۵)

نماز اشراق کی فضیلت

نماز اشراق کی ہر روز عادت ہونی چاہیے البتہ شب برات کے دن بھی نماز اشراق پڑھنی چاہیے

حدیث پاک عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتَّي تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهُ كَأَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کی نماز باجماعت پڑھ کر طلوع آفتاب تک بیٹھا، اللہ کا ذکر کرتا رہا، پھر دو رکعت نماز (اشراق) ادا کی اس کے لیے کامل (و مقبول) حج اور عمرہ کا ثواب ہے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے لفظ تامۃ یعنی کامل تین مرتبہ فرمایا۔"

(اِخرجہ الترمذی فی السنن، کتاب الجمعۃ، باب ذکر مایستحب من الجلوس فی المسجد بعد صلاۃ الصبح حتی تطلع الشمس ۲/۴۸۱، الرقم: ۵۸۶) (والطبرانی فی مسند الشامیین، ۲/۴۲، الرقم: ۸۸۵) (والبیہقی فی شعب الایمان ۷/۱۳۸، الرقم: ۹۷۶۲) (والمنذری فی الترغیب والترہیب، ۱/۱۷۸، الرقم: ۶۶۷)

حدیث پاک عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ إِذَا صَلَّى الْفَجْرَ لَمْ يَقُمْ مِنْ مَجْلِسِهِ حَتَّي يُمْكِنَهُ الصَّلَاةُ وَقَالَ: مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ ثُمَّ جَلَسَ فِي مَجْلِسِهِ حَتَّي يُمْكِنَهُ الصَّلَاةُ كَانَتْ بِمَنْزِلَةِ عُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ مُتَقَبَّلَتَيْنِ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ جب فجر کی نماز ادا فرماتے تو اس وقت تک اپنی جگہ سے نہ اُٹھتے جب تک کہ دوسری نماز (اشراق) نہ پڑھ لیتے۔ حضور نبی اکرم ﷺ فرمایا: جس شخص نے صبح (فجر) کی نماز ادا کی، پھر وہ اسی جگہ پر بیٹھا رہا یہاں تک کہ (جب سورج ایک نیزے کے برابر بلند ہوا اور) وہ دوسری نماز (یعنی نماز اشراق) پر قادر ہوا تو اس کا یہ عمل بمنزلہ ایک مقبول حج اور عمرہ کے ہو گا۔

(اِخرجہ الطبرانی فی المعجم الأوسط، ۵/۳۷۵، الرقم: ۵۶۰۲) (الہیثمی فی مجمع الزوائد، ۱۰/۱۰۵) (الشعرانی فی لواقح الانوار القدسیۃ: ۶۸)

حدیث مبارکہ میں ہے جو کوئی فجر کی نماز جماعت سے ادا کر کے طلوع آفتاب تک بیٹھ کر ذکر الٰہی میں مشغول رہے پھر دو رکعت پڑھے، تو اُس کے لئے پورے حج و عمرے کا ثواب ہے۔ اگر طلوع آفتاب کے بعد چار رکعتیں پڑھے گا۔ تو اللہ پاک شام تک اس کو تمام آفتوں اور برائیوں سے محفوظ رکھے گا۔ (ترمذی شریف)

چاشت نماز کی فضیلت

نماز چاشت کی ہر روز عادت ہونی چاہیے البتہ شب برات کے دن بھی نماز چاشت پڑھنی چاہیے

حدیث پاک

عَنْ أَبِي ذَرٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهُ قَالَ : يُصْبِحُ عَلَى كُلِّ سُلَامَى مِنْ أَحَدِكُمْ صَدَقَةٌ ، فَكُلُّ تَسْبِيحَةٍ صَدَقَةٌ ، وَكُلُّ تَحْمِيدَةٍ صَدَقَةٌ ، وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ صَدَقَةٌ ، وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ ، وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ صَدَقَةٌ ، وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ ، وَيُجْزِيءُ مِنْ ذَلِكَ رَكْعَتَانِ يَرْكَعُهُمَا مِنَ الضُّحَى .

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص صبح اُٹھتا ہے تو اس کے ہر جوڑ پر صدقہ واجب ہوتا ہے اور اس کا ایک بار سبحان اللہ کہہ دینا صدقہ ہے۔ ایک بار الحمد للہ کہہ دینا صدقہ ہے، ایک بار لا الہ الا اللہ کہہ دینا صدقہ ہے، ایک بار اللہ اکبر کہہ دینا صدقہ ہے۔ کسی شخص کو نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے، کسی کو برائی سے روک دینا صدقہ ہے اور چاشت کی نماز پڑھ لینا ان تمام امور سے کفایت کر جاتا ہے۔

(مسلم فی الصحیح، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا، باب استحباب صلاۃ الضحی ۱/۴۹۸ ، الرقم: ۷۲۰) (وابو داود فی السنن، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الضحی، ۲/۲۶ ، الرقم ۱۲۸۵) (احمد بن حنبل فی المسند، ۵/۱۶۷ ، الرقم: ۱۲۵۱۳)

حدیث پاک عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ : مَنْ حَافَظَ عَلَى شُفْعَةِ الضُّحَى غُفِرَتْ لَهُ ذُنُوبُهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص چاشت کی 2 رکعات کی پابندی کرتا ہے، اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

(الترمذی فی السنن، کتاب الصلاۃ، ۲/۳۴۱ ، الرقم : ۴۷۶) (ابن ماجہ فی السنن، کتاب إقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیہا، باب ما جاء فی صلاۃ الضحی، ۱/۴۴۰ ، الرقم : ۱۳۸۲) (احمد بن حنبل فی المسند، ۲ / ۴۴۳ ، الرقم : ۹۷۱۴)

حدیث پاک عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَنْ صَلَّى الضُّحَى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللَّهُ لَهُ قَصْرًا مِنْ ذَهَبٍ فِي الْجَنَّةِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھتا ہے اللہ تعالی اس کے لئے جنت میں سونے کا ایک محل بنا دیتا ہے۔

(ترمذی فی السنن، کتاب الصلاۃ، باب ما جاء فی صلاۃ الضحی، ۲/۳۳۷ ، الرقم: ۴۷۳) (ابن ماجہ فی السنن، کتاب إقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیہا، باب ما جاء فی صلاۃ الضحی، ۱/۴۳۹ ، الرقم ۱۳۸۰)

حدیث پاک عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ السَّائِبِ رضی اللہ تعالیٰ عنہ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ كَانَ يُصَلِّي أَرْبَعًا بَعْدَ أَنْ تَزُولَ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَالَ : إِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَأُحِبُّ أَنْ يَصْعَدَ لِي فِيهَا عَمَلٌ صَالِحٌ .

حضرت عبد اللہ بن سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ زوال یعنی سورج طلوع کے بعد ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور فرماتے: یہ وہ گھڑی ہے جس میں آسمانوں پر (رحمت) کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور میں پسند کرتا ہوں کہ اس گھڑی میں میرے نیک اعمال او پر اٹھائے جائیں۔ (أخرجه الترمذي في السنن، كتاب الوتر، باب ما جاء في الصلاة عند الزوال، ٢/٣٤٢ ، الرقم : ٤٧٨)

تحیۃ الوضوء نماز کی فضیلت



حدیث پاک تحیۃ الوضوء نوافل نماز کی ہر روز عادت ہونی چاہیے البتہ شب برات بھی یہ فضیلت حاصل کریں

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضى الله عنه أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ لِبَلَالٍ له عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ : يَا بِلَالُ ، حَدِّثْنِي بِأَرْجى عَمَلٍ عَمِلْتَهُ فِي الْإِسْلَامِ، فَإِنِّي سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَيْكَ بَيْنَ يَدَيَّ فِي الْجَنَّةِ، قَالَ : مَا عَمِلْتُ عَمَلًا أَرْجِي عِنْدِي أَنِّي لَمْ أَتَطَهَّرْ طَهُورًا فِي سَاعَةِ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ إِلَّا صَلَّيْتُ بِذَلِكَ الطُّهُورِ مَا كُتِبَ لِي أَنْ أُصَلِّي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت بلال سے نماز فجر کے وقت فرمایا: اے بلال! مجھے اپنا وہ امید افزا عمل بتاؤ جو تم نے زمانہ اسلام میں کیا ہو، کیونکہ میں نے جنت میں اپنے آگے آگے تمہارے جوتوں کی آواز سنی ہے ۔ عرض کیا: میرے نزدیک تو ایسا امید افزا کوئی عمل نہیں ہے ماسوائے اس کے کہ میں نے رات یا دن کی کسی بھی ساعت میں جب بھی وضو کیا تو اس کے ساتھ نماز (تحیۃ الوضوء) جو قسمت میں لکھی ہے ضرور پڑھی ہے۔ (البخاری فی الصحیح، ابواب التطوع، باب فضل الطهور بالليل والنهار وفضل الصلاة بعد الوضوء بالليل والنهار، ۳۸۶/۱، الرقم: ۱۰۹۸)

(مسلم فی الصحیح، کتاب فضائل الصحابة، باب من فضائل بلال، ۴ / ۱۹۱۰، الرقم : ۲۴۵۸) (احمد بن حنبل فی المسند، ۳۳۳/۲ ، الرقم: ۸۳۸۴)

حدیث پاک

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ : مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ وُضُوئَهُ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ مُقْبِلٌ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهِ وَوَجْهِهِ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو بھی مسلمان اچھی طرح وضو کرے اور پھر کھڑا ہو کر حضور قلب کے ساتھ دو رکعات نماز پڑھے اس کے لیے جنت واجب ہو گئی ۔ (مسلم فی الصحیح، کتاب الطهارة، باب الذكر المستحب عقب الوضوء، ۲۰۹/۱ ، الرقم : ۲۳۴)

(احمد بن حنبل فی المسند، ۱۵۳/۴) (البیہقی فی السنن الکبری، ۷۸/۱، الرقم: ۳۷۳) (ابن خزیمۃ فی الصحیح، ۱۱۰/۱ ، الرقم : ۲۲۲)

حدیث پاک عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ : مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ وُضُوءَهُ ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ لَا يَسْهُو فِيهِمَا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو کیا اور اچھی طرح وضو کیا پھر دو رکعتیں پڑھیں جن میں کوئی بھول چوک نہ ہو تو اس کے سابقہ گناہ معاف فرما دیئے جاتے ہیں۔

(أبو داود في السنن، كتاب الصلاة، باب كراهية الوسوسة وحديث النفس في الصلاة، ۲۳۸/۱ ، الرقم: ۹۰۵) (أحمد بن حنبل في المسند، ۴ / ۱۱۷)

(الطبراني في المعجم الكبير، ۲۴۹/۵ ، الرقم: ۵۲۴۲) (الحاكم في المستدرك، ۲۲۲/۱، الرقم: ۴۵۱) (عبد بن حميد في المسند، ۱۱۸/۱ ، الرقم: ۲۸۰)

شب براءت بیری کے پتوں سے غسل

بیری کے پتوں سے غسل اور سال بھر جادو سے حفاظت

بیری سے جادو کا علاج کرنا۔ اس کے متعلق حضرت عائشہ صدیقہ رضی للہ عنہا کی روایت موجود ہے۔ امام اللالکائی علیہ الرحمہ (ابلفظ فی ٤١٨) ذکر فرماتے ہیں

أنا محمد بن عثمان، قال: نا سعيد بن محمد الحناط، قال: نا إسحاق بن أبي إسرائيل، قال: سمعت سفيان يذكر عن سليمان بن أمية شيخ من ثقيف من ولد عروة بن مسعود دخل على عائشة سمع أمه وجدته، سمع امرأة تسأل عائشة: هَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ أَنْ أَزُمَّ جَمَلِي؟ قَالَتْ: لَا، قَالَتْ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّهَا تَعْنِي زَوْجَهَا، قَالَتْ: رُدُّوهَا عَلَيَّ، فَقَالَتْ: مُلْحَةٌ مُلْحَةٌ فِي النَّارِ، اغْسِلُوا عَلَى أَثَرِهَا بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ. (شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ ٢/١٩٧ دار الکتب العلمیہ)

سات پتے بیری کے لے کر پانی میں جوش دے کر اس سے غسل کرنا۔ اس کے متعلق حضرت وہب منبہ علیہ الرحمہ کا قول موجود ہے۔ علامہ ابن بطال (المتوفی ٤٤٩) علامہ قرطبیؒ (المتوفی ٦٧١) علامہ عینی (المتوفی ٨٥٥) حافظ ابن حجر العسقلانی (المتوفی ٨٥٢) علیہم الرحمہ نے اپنی اپنی شرح بخاری میں ذکر کیا ہے:

أن في كتب وهب بن منبه أن يأخذ سبع ورقات من سدر أخضر، فيدقه بين حجرين، ثم يضربه بالماء، ويقرأ آية الكرسي والقواقل، ثم يحسو منه ثلاث حسيات، *ثم يغتسل به، فإنه يذهب عنه كل ما به.

(شرح ابن بطال ٦/٤٤٦، عمدۃ القاری ٢١/٤٢٢، فتح الباری ١٣/٢١٨، تفسیر القرطبیؒ ١/٣٥ سورۃ البقرۃ ایت ١٠٢)

علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمہ (المتوفی ١٢٥٢) نے اس کو جادو کا علاج تجویز فرمایا ہے:

مطلب لفك المسحور والمربوط" نقل ط عن تبيين المحارم عن كتاب وهب بن منبه أنه مما ينفع للمسحور والمربوط أن يؤتى بسبع ورقات سدر خضر و تدق بين حجرين ثم تمزج بماء و يحسو منه و يغتسل بالباقي فإنه يزول بإذن الله تعالى. (رد المحتار ٥/١٢٩ دار الکتب العلمیۃ بیروت)

خاص پندرہویں شعبان کو اس عمل کا ثبوت بزرگانِ دین سے ہیں؛ سیدی امام اہل سنت اور سرکار مفتی اعظم ہند علیہما الرحمہ کا اس پر عمل رہا ہے۔ (مجموعہ اعمال رضا جلد دوم ص 113)

شب براءت کی رات 7 پتے بیری (یعنی بیر کے درخت) کے پانی میں جوش دے کر (جب پانی نہانے کے قابل ہو جائے تو) غسل کرے ان شاء اللہ العزیز تمام سال جادو کے اثر سے محفوظ رہے گا

(اسلامی زندگی، ص صفحہ 108 نعیمی کتب خانہ گجرات) (آقا کا مہینا، ص،20)

سال بھر جادو سے حفاظت

فیضان دعوت اسلامی گروپ واٹس ایپ نمبر all country 00923121616255 پاکستان 03121616255

نماز توسل کی فضیلت

نماز کے بعد نبی پاک ﷺ کے وسیلے سے دعا کرنا ہے کی فضیلت

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ رضی الله عنه أَنَّ رَجُلًا ضَرِيرَ الْبَصَرِ أَتَى النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ لِي أَنْ يُعَافِيَنِي. فَقَالَ: إِنْ شِئْتَ أَخَّرْتُ لَكَ وَهُوَ خَيْرٌ. وَإِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ. فَقَالَ: ادْعُهُ. فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ فَيُحْسِنَ وُضُوْئَهُ وَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ. وَيَدْعُوَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ إِلٰى رَبِّي فِي حَاجَتِي هٰذِهٖ لِتُقْضٰى اللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ وَقَالَ أَبُوْ عِيْسٰى: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے :ایک نابینا بارگاہِ رسالت ﷺ میں حاضر خدمت ہوا اور عرض کی کہ آپ ﷺ اللہ تعالی سے دعا کریں کہ وہ مجھے آنکھ والا کردے۔ حضور ﷺ نے فرمایا:اگر تو چاہے تو میں تیرے لیے دعا کروں اور اگر تو چاہے تو صبر کرکہ وہ تیرے لیے بہتر ہے۔ عرض کی کہ دعا فرمائیں، حضور ﷺ نے اسے حکم دیا کہ اچھا وضو کرو، دو رکعت نماز پڑھو اور یہ دعا کرو ﴿اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ إِلٰى رَبِّي فِي حَاجَتِي هٰذِهٖ لِتُقْضٰى اللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ﴾ اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف محمد ﷺ کے وسیلہ سے توجہ کرتا ہوں جو نبی رحمت ﷺ ہیں ،یارسول اللہ ﷺ !میں آپ کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت میں توجہ کرتا ہوں تو اسے پوری فرمادے۔ اے اللہ عزوجل!میرے بارے میں حضور ﷺ کی شفاعت قبول فرما

امام ابو عیسی ترمذی کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور امام حاکم نے فرمایا یہ حدیث صحیح ہے

(إخرجه الترمذی فی السنن، کتاب الدعوات، باب ۱۱۹، ۵۶۹/۵، الرقم: ۳۵۷۸) (ابن ماجه فی السنن، کتاب إقامة الصلاة والسنة فیها، باب ما جاء فی صلاة الحاجة، ۴۴۱/۱، الرقم: ۱۳۸۵) (إحمد بن حنبل فی المسند، ۱۳۸/۴، الرقم: ۱۷۲۴۰ - ۱۷۲۴۲) (النسائی فی السنن الکبری، ۱۶۸/۶، الرقم: ۱۰۴۹۴ - ۱۰۴۹۵) (فی عمل الیوم واللیلة، ۴۱۷/۱، الرقم: ۶۵۸ - ۶۶۰) (ابن خزیمة فی الصحیح، ۲۲۵/۲، الرقم: ۱۲۱۹) (الحاکم فی المستدرک ۴۵۸/۱، ۷۰۰، ۷۰۷، الرقم: ۱۱۸۰ - ۱۹۰۹ - ۱۹۲۹) (الطبرانی فی المعجم الصغیر، ۳۰۶/۱، الرقم: ۵۰۸) (فی المعجم الکبیر، ۳۰/۹، الرقم: ۸۳۱۱) (البخاری فی التاریخ الکبیر، ۲۰۹/۶، الرقم: ۲۱۹۲) (عبد بن حمید فی المسند، ۱۴۷/۱، الرقم: ۳۷۹)

اس 📕 رسالے کو ثواب کی نیت سے اگے بھی شیئر کریں قرآن پاک میں ارشاد

وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى ۪ وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ۪ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ :ترجمہ کنز الایمان اور نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ دو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔ *📖(سورۃ،المائدہ،ایت، نمبر:۲)*

حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: * وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ صَدَقَةٌ * ترجمہ کسی شخص کو نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے،

📚(مسلم فی الصحیح، کتاب صلاۃ المسافرین وقصرہا، باب استحباب صلاۃ الضحی ۴۹۸/۱ ، الرقم: ۷۲۰) 📓 (وابو داود فی السنن، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الضحی، ۲۶/۲ ، الرقم ۱۲۸۵) 📕 (احمد بن حنبل فی المسند، ۱۶۷/۵ ، الرقم: ۱۲۵۱۳)

مدنی چینل دیکھتے رہیئے

اللہ پاک مرشد عطار کو سلامت رکھے تندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے جس نے بچے بچے کے دل میں اللہ عزوجل اور نبی کریم ﷺ کی محبت ڈال دی سنتوں پر عمل کرنا سکھایا

طالب دعا سگ مدینہ محمد اعجاز رضا قادری عطاری